سوال

(683) گودوانے کا حکم اور اس حالت میں حج کی ادائیگی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بدن میں گودائی کا کیا حکم ہے؟ اور کیا گودایا ہوا آدمی اگر فریضہ حج کی ادائیگی چاہتا ہو تو کوئی رکاوٹ تو نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بدن میں گودنا اور گدوانا حرام ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے بال لگانے اور لگوانے والی گودنے اور گودوانے والی پر لعنت کی ہے اور "وشم" (گودنا گدوانا) رخساروں ہونٹوں اور دیگر اعضائے بدن میں اس طرح ہوتا ہے کہ ان کا رنگ پیلے سبز یا سیاہ رنگ سے بدل ڈالا جائے۔ حج کی ادائیگی میں گودنا گدوانا کوئی رکاوٹ نہیں۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 606

محدث فتویٰ